



"وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً"

[لقمان :20]

# شفا کی دعائیں



## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کیا ہے۔

صحیح مسلم:6878

دعائیں

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# شفا کی دعائیں

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کیا ہے۔

خولہ بنت حکیم سلمیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جو شخص کسی (بھی) منزل پر اترا اور اس نے یہ کلمات کہے:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں اللہ (سے اس) کے مکمل ترین کلمات کی پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی، تو اس شخص کو اس منزل سے چلے جانے تک کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔ صحیح مسلم: 7053

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اللہ کے رسول! مجھے اس بچھو سے کتنی شدید تکلیف پہنچی جس نے کل رات مجھے کاٹ لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر تم نے جب رات کی تھی، یہ (کلمات) کہہ دیتے تو وہ (بچھو) تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچاتا:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

"میں ہر اس چیز کے شر سے جسے اللہ نے پیدا کیا، اس کے کامل ترین کلمات کی پناہ میں آتا ہوں"۔" صحیح مسلم: 7055

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# شفا کی دعائیں

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

• ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص شام ہونے پر تین مرتبہ یہ کلمات کہہ لے:

**أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ -**

اس رات اسے کوئی زہریلی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی،

• ہمارے اہل خانہ نے اس دعا کو سیکھ رکھا تھا اور وہ اس دعا کو پڑھتے تھے اتفاق سے ایک مرتبہ ہماری ایک بچی کو کسی چیز نے ڈس لیا لیکن اسے کسی قسم کا کوئی درد محسوس نہ ہوا۔ [مسند احمد:7898]

• ایک اسلمی صحابی کے متعلق مروی ہے کہ انہیں کسی جانور نے ڈس لیا نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا گیا تو آپ نے فرمایا اگر تم نے شام کے وقت یہ کلمات کہہ لیے ہوتے تو تمہیں کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکتی

**أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ -**

• راوی حدیث سہیل کہتے ہیں کہ اگر ہم میں سے کسی کو کوئی جانور ڈس لیتا تو میرے والد صاحب پوچھتے کہ یہ کلمات کہے تھے؟ اگر وہ جواب میں ہاں کہہ دیتا تو ان کی رائے یہی ہوتی کہ تھی کہ اب اسے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ [مسند احمد:15709]

# شفا کی دعائیں

## أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ

ابن قیم کہتے ہیں کہ
"اُستعید باللہ "کا معنی ہے کہ میں اللہ کی ذات کے ساتھ تحفظ چاہتا ہوں اور اس کے ساتھ حفاظت چاہتا ہوں وراس کی طرف پناہ لیتا ہوں۔

استعاذہ میں اللہ کی مدد مانگنے کے ساتھ ساتھ بندے کی عجز ولاچاری کا اظہار

ابن سعید الغرناطی کہتے ہیں:
"جس نے اللہ سے سچے دل سے پناہ مانگی تو اللہ نے اسے پناہ دی پس تم سچائی کو لازم پکڑو، کیا تم نہیں دیکھتے کہ جب عمران کی بیوی نے مریم اور اس کی اولاد کے لیے پناہ مانگی تو اللہ نے ان کی حفاظت فرمائی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (کوئی بچہ ایسا نہیں پیدا ہوتا جسے شیطان نہ چھوتا ہو پس وہ چیخ مارتا ہے سوائے ابن مریم اور ان کی والدہ کے)۔"

کلمات اللہ سے اللہ کے اسمائے حسنیٰ اور اس کی اتاری ہوئی کتابیں مراد ہیں

## مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

جو کچھ کائنات میں موجود ہے وہ سب کچھ اللہ ہی نے پیدا کیا خواہ وہ چیزیں جاندار ہوں یا بے جان۔ اور ہر چیز خواہ کتنی ہی فائدے مند ہو اس کا کچھ نہ کچھ نقصان بھی ہوتا ہے۔



## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ
وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں ہر شیطان اور موذی جاندار اور ہر واقع ہونے والی نظر بد سے اللہ کے کامل اور پر اثر کلمات کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں۔

صحیح البخاری: 3371

دعائیں

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں ہر شیطان اور موذی جاندار اور ہر واقع ہونے والی نظر بد سے اللہ کے کامل اور پر اثر کلمات کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کلمات ذیل سے حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کو دم کرتے اور فرماتے تھے: "تمھارے دادا ابراہیم علیہ السلام بھی انہی کلمات سے اسماعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام کو دم کرتے تھے۔


أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے سے ہر شیطان، زہریلے جانور اور ہر ضرر رساں نظر کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔" [صحیح البخاری:3371]

# شفا کی دعائیں

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

### نظر بد سے بچاؤ




AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.

# شفا کی دعائیں



## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اللہ کے نام سے، وہ ذات جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین میں اور آسمان میں نقصان نہیں دے سکتی اور وہ بہت سننے والا، بہت جاننے والا ہے۔

سنن أبي داود:5088

دعائیں

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# شفا کی دعائیں

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اللہ کے نام سے، وہ ذات جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین میں اور آسمان میں نقصان نہیں دے سکتی اور وہ بہت سننے والا، بہت جاننے والا ہے۔

- عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ فرماتے تھے: ”جس نے (شام کو) تین بار یہ دعا پڑھ لی، اسے صبح تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی، اور جس نے صبح کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لی اسے شام تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی:

بِسْمِ اللَّهِ الَّذِى لاَ يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَىْءٌ فِى الأَرْضِ وَلاَ فِى السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

”اللہ کے نام سے، وہ ذات کہ اس کے نام سے کوئی چیز زمین میں ہو یا آسمان میں، نقصان نہیں دے سکتی اور وہ خوب سنتا ہے اور خوب جانتا ہے۔“۔

- ”راوی نے بیان کیا کہ اس حدیث کے روایت کرنے والے ابان بن عثمان کو فالج ہو گیا تھا تو ان سے حدیث سننے والا، ان کو تعجب سے دیکھنے لگا (کہ پھر یہ فالج کیونکر ہو گیا؟) تو انہوں نے کہا: کیا ہوا، مجھے کیا دیکھتے ہو؟
- اللہ کی قسم! میں نے عثمان رضی اللہ عنہ پر جھوٹ نہیں بولا ہے اور نہ عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولا ہے۔ لیکن جس دن مجھے یہ فالج ہوا اس دن میں غصے میں تھا اور یہ کلمات پڑھنا بھول گیا تھا۔ سنن أبی داود:5088]

AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.



## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

# اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ! بے شک میں ناپاک جنوں اور جننیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

صحیح البخاری:142

دعائیں

# شفا کی دعائیں

## ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کریں

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ! بے شک میں ناپاک جنوں اور جننیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

· انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ جب بیت الخلا جاتے تو فرماتے:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

”اے اللہ! میں ناپاک چیزوں اور ناپاکیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔“ صحیح البخاری:142]

مجاہد کہتے ہیں: ہر انسان پر ایک موکل فرشتہ ضرور ہوتا ہے، یہ فرشتہ اس انسان کو سوتے اور جاگتے جناتی یا انسانی شیطانوں سے تحفظ دیتے ہیں،

· چنانچہ کوئی بھی چیز انسان کو نقصان پہنچانے کیلیے آتی ہے تو یہ موکل فرشتہ اسے کہتا ہے: "الٹے قدموں واپس ہو جاؤ" لیکن جو چیز اللہ تعالی کے حکم سے آئے تو وہ اس انسان کو پہنچ کر رہتی ہے